# بے ترتیب کہانی

## 4 ستمبر کا کام — جماعت دوم

## خرگوش اور کچھوا

جملوں کو پڑھیں اور انہیں صحیح ترتیب میں بتائیں۔

1.کچھوا آہستہ آہستہ چلتا رہا اور جیتنے کی جگہ پر پہنچ کر جیت گیا۔

2.خرگوش کو اپنی تیز دوڑ پر ناز تھا۔

3.ایک دن دونوں میں دوڑ کا مقابلہ ہوا۔

4.وہ کچھوے کے سست چلنے پر ہنستا تھا۔

5.ایک جنگل میں خرگوش اور کچھوا رہتے تھے۔

6.خرگوش تیز دوڑا اور راستے میں سو گیا۔

صحیح ترتیب:___________________________________

# بے ترتیب کہانی

## 4 ستمبر کا کام — جماعت دوم

## پیاسا کوا

جملوں کو پڑھیں اور انہیں صحیح ترتیب میں بتائیں۔

1.کوا بہت پیاسا تھا۔

2.اس نے گھڑے میں کنکریاں ڈالنا شروع کر دیں۔

3.گھڑے میں تھوڑا سا پانی تھا۔

LIVEWORKSHEETS

4.پانی اوپر آ گیا اور کوے نے پانی پی لیا۔

5.ایک دن اسے ایک گھڑا نظر آیا۔

6.کوا پانی تک نہیں پہنچ پا رہا تھا۔

صحیح ترتیب: ________________________________

# بے ترتیب کہانی

## 4 ستمبر کا کام —— جماعت دوم

## شیر اور چوہا

جملوں کو پڑھیں اور انہیں صحیح ترتیب میں بتائیں۔

1.چوہے نے جال کتر دیا اور شیر آزاد ہو گیا۔

2.ایک چوہا کھیلتے کھیلتے شیر کے اوپر چڑھ گیا۔

3.کچھ دن بعد شیر شکاری کے جال میں پھنس گیا۔

4.شیر نے چوہے کو پکڑ لیا۔

5.ایک شیر جنگل میں سو رہا تھا۔

6.چوہے نے معافی مانگی اور کہا کہ وہ کبھی کام آ سکتا ہے۔

صحیح ترتیب: ________________________________

LIVEWORKSHEETS

# بے ترتیب کہانی

## 4 ستمبر کا کام —— جماعت دوم

## چیونٹی اور کبوتر

جملوں کو پڑھیں اور انہیں صحیح ترتیب میں بتائیں۔

1.چیونٹی نے شکاری کو کاٹ لیا اور کبوتر اڑ گیا۔

2.ایک چیونٹی پانی میں گر گئی۔

3.کبوتر نے چیونٹی کو ایک پتا دے دیا۔

4.کچھ دن بعد ایک شکاری کبوتر کو پکڑنے آیا۔

5.چیونٹی پتے پر چڑھ کر باہر آ گئی۔

6.ایک کبوتر درخت پر بیٹھا ہوا تھا۔

صحیح ترتیب: _____________________________________

LIVEWORKSHEETS